میں بھی دو سے اڑھائی سال لگتے۔ ہمیں تو دکھ ہے جب یہ bill بن رہا تھا، کئی مرتبہ پیش ہوا، کئی مرتبہ واپس کیا گیا، جس دور سے یہ سلسلہ شروع ہوا، اس وقت کسی نے یہ مشورہ نہیں دیا، اس میں ہماری وزارت خارجہ کی بھی کوتاہی ہے، ہمارا جو نمائندہ وہاں بیٹھا ہوا ہے، اس نے بھی کوتاہی کی ہے لیکن بہرحال اب امریکی حکومت نے محسوس کیا کہ اس bill میں زبان کا استعمال غلط ہوا ہے، اس زبان کے غلط معنی بھی نکل سکتے ہیں تو انہوں نے آج ایک explanatory statement جاری کی ہے جو اس bill کا حصہ ہے اور کانگریس میں اس bill کے ساتھ رہے گی۔ یہ میں مانتا ہوں کہ یہ note اس value کا نہیں ہو سکتا جو value bill کی ہے لیکن اس کے باوجود جب وہاں کی حکومت یہ کہتی ہے کہ ان الفاظ کا مطلب یہ ہے تو ہم اس پر stand لے سکتے ہیں۔ جب کل ہم سے یہ پوچھا جائے توہم بتانے سے انکار بھی کر سکتے ہیں۔ اس statement میں واضح طور پر یہ لکھا ہے کہ یہ پابندیاں امریکا کے منتخب لوگوں نے American Government پر لگائی ہیں، پاکستان کی حکومت پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اگر پاکستان کی حکومت کل کوئی information نہیں دینا چاہتی تو اس کی مرضی وہ information provide نہ کرے، باقی قسطیں نہیں ملیں گی۔ یہ پابندی وہاں کے منتخب نمائندوں نے اپنے عوام کی جوابدہی کے لیے لگائی ہے۔ ہمارے ہاں تو کوئی جوابدہ ہوتا ہی نہیں، ہمارے ہاں تو پتا ہی نہیں چلتا اورخزانے خالی ہو جاتے ہیں۔ ہمارے ہاں تو پتا ہی نہیں چلتا کہ رقمیں کہاں استعمال ہو جاتی ہیں، بڑے، بڑے محل، پلازے، وزیر اعظم کے بڑے، بڑے سیکریٹریٹ بن جاتے ہیں۔ صدر کے لیے علیحدہ بلڈنگیں بنائی جاتی ہیں، کوئی پوچھنے والا نہیں ہے کہ ان لوگوں کے لیے اتنی بڑی، بڑی بلڈنگوں کی کیا ضرورت ہے لیکن امریکا میں ایسا نہیں ہو سکتا۔ American government نے بڑی وضاحت سے یہ کہا کہ ہم اعتماد کرتے ہیں اور پاکستان کی آزادی، democracy, civil government اور پاکستان کے عوام کو recognize کرتے ہیں۔ اس bill کا قطعاً یہ مقصد نہیں ہے کہ ہم پاکستان کے عوام کی توہین کریں۔ اس bill کا قطعاً یہ مقصد نہیں ہے کہ ہم پاکستان کے institutions پر اپنا دباؤ رکھیں۔ اس bill کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ہم پاکستان کی منتخب حکومت کو اپنے لیے جوابدہ سمجھیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وضاحت کے بعد ہمارے لیے کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ ایک راستہ ہے کہ ہم اس bill کو reject کر دیں اورڈیڑھ ارب سالانہ کی امریکا ہمیں جو امداد دے رہا ہے جو ہمارے سکولوں،ہماری civil society ہماری آزادی، جمہوری روایات، ہمارے کاروبار اور ہماریaccountability اور حساب کتاب کے لیے ہے، اس کو ہم کھو دیں یا اس کو accept کر لیں۔

جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ ایک ہی راستہ ہے کہ ہم ان amendments اور statement جو apologetic بھی ہے، اس کے ساتھ اس bill کو قبول کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ۔ میرا خیال ہے آپ نے یہ نہیں کہا کہ ٹیپو سلطان بننا چاہیے یا نہیں بننا چاہیے۔ پروفیسر ساجد میر صاحب۔

سینیٹر پروفیسر ساجد میر: جناب چیئرمین! شکریہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ سینیٹ میں چند دنوں سے Kerry Lugar Bill پر بحث شروع ہے اور اس

explanatory statement کے آنے کے بعد جس کا ذکر حاجی عدیل صاحب نے کیا، صورت حال تھوڑی سی تبدیل ہوئی ہے اور اس تبدیل شدہ صورت حال کے مطابق میں کچھ باتیں گزارش کرنے کی کوشش کروں گا۔ جس طرح اصل bill کو حکومت نے اپنے کارنامے کے طور پر پیش کیا اسی طرح اب مجھے یقین ہے کہ اس وضاحتی بیان کوبھی ایک کارنامے کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ میں اس بات سے اتفاق کرتا ہوں کہ موجودہ حالات میں اس سے زیادہ کچھ ہونا ممکن نہیں تھا اور جو کچھ ہوا وہ غنیمت ہے لیکن اگر میری بات کو تنقید برائے تنقید نہ سمجھا جائےتو میں کچھ گزارشات ضرور پیش کروں گا۔پہلی بات تو یہ ہے کہ explanatory statement امریکا کے دو ایوانوں کی طرف سے نہیں ہے بلکہ دونوں ایوانوں کی foreign affairs سے متعلق دو کمیٹیوں کی طرف سے ہے اور ظاہر ہے کہ .we can't equate the committees of the House with the House itself اس کی وہ value نہیں ہو سکتی جو law and bill کی ہے۔

دوسری بات میں گزارش کروں گا کہ we can't equate the law with the explanatory note. آج ہم نے legislation کا کافی کام کیا ہے اور جب بھی کرتے ہیں ہر bill کے ساتھ statement of objects and reasons ہوتی ہیں لیکن یہ statements of objects and reasons قانون کا حصہ نہیں ہوتیں اور نہ ہی وہ بحث کے لیے ایوان میں پیش کی جاتی ہیں۔ قانون کی شقیں اور preamble پیش ہوتے ہیں لیکن statements of objects and reasons کبھی پیش نہیں ہوتیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہی حیثیت اس explanatory note کی ہے۔

تیسری اور بڑی اہم بات جو میں گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ وضاحتی بیان میں بھی متنازعہ bill کی بعض خطرناک شقوں کو چھوا تک نہیں گیا۔ موجودہ جو معلومات اب تک ملی ہیں، ظاہر ہے کہ bill تو آ گیا وہ ہم نے دیکھ لیا لیکن جہاں تک وضاحتی بیان کا تعلق ہے، وہ ہم تک میڈیا کے ذریعے پہنچا ہے۔ اس وقت جو معلومات موجود ہیں ان کے مطابق میں سمجھتا ہوں کہ Kerry Lugar Bill کی خطرناک شقوں کو چھوا تک نہیں گیا۔ مثلاً ایٹمی پھیلاؤ میں مبینہ طور پر جو افراد پاکستان میں ملوث سمجھے جاتے ہیں، ان تک امریکا کی رسائی کے بارے میں اس وضاحتی بیان کے اندر کوئی تسلی بخش بات نہیں ہے۔

چوتھی بات یہ کہ جن شقوں کی وضاحت کی گئی، پہلے تو میں نے یہ عرض کیا کہ بعض شقوں کو چھوا تک نہٰیں گیا اور جن شقوں کی وضاحت کی گئی ہے، ان میں بھی امریکی مداخلت کا چور دروازہ ابھی تک کھلا ہے جو کہ میں آگے جا کر بیان کروں گا۔ جناب چیئرمین! اصل میں یہ bill امداد کا نہیں بلکہ پاکستان، اس کی حکومت اور فوج کے خلاف charge sheet ہے کہ وہ دہشت گردی میں ملوث رہے ہیں اور ہیں۔ اس سلسلے میں کچھ ساتھیوں نے اس سے پہلے بھی اس کے article 203(a) کا حوالہ دیا ہے۔ اس میں لکھا ہے کہ پاکستان کو support cease, stop کرنی پڑے گی، ceasing support to extremists, terrorists, terrorist groups. یہاں اس کرسی پر آپ کا چہرہ بڑے عرصے کے بعد دیکھ رہے ہیں، میرے ذہن میں بھی ایک بڑا light واقعہ یا لطیفہ آ گیا ہے۔ ابھی ہمارے دوست گوبھی اور انسان کی بات کر رہے تھے۔ کہتے ہیں کہ ایک عدالت میں ایک case لگا اور وکیل گواہ پر جرح کر رہا تھا۔ گواہ وکیل کی تیزی اور طرازی سے بچنے

کے لیے ذرا تفصیل میں جا رہا تھا۔ وکیل نے کہا کہ میرے سوالوں کا جواب ہاں یا نہ میں دو، تفصیل میں نہ جاؤ۔ گواہ نے کہا کہ ہر سوال کا جواب ہاں اور نہ میں نہیں ہوتا۔ اگر آپ اورجج صاحب اجازت دیں تو میں اس کی ایک مثال دینا چاہتا ہوں۔ میرا بھی آپ سے ایک سوال ہے کہ کیا آپ کی بیگم صاحبہ نے آپ کو مارنا چھوڑ دیا ہے؟ اب اگر وہ کہے کہ چھوڑ دیا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ پہلے مارتی رہی ہے اور اگر کہے کہ نہیں چھوڑا تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اب تک سلسلہ جاری ہے۔ اس ceasing support کا یہی مطلب ہے کہ آپ ایک جرم میں ملوث ہیں، اب اس کو چھوڑ دیں اور مجرم بننے کی بجائے اچھے بچے بن جائیں۔ اس سے زیادہ واضح لفظ اس bill میں dismantling کا ہے۔ Dismantling terrorist bases of operation in other parts of the country. Other parts سے مراد ہے کہ فاٹا کے علاوہ۔ Other parts of the country including Quetta and Muridke. اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ خدانخواستہ سارا پاکستان ہی دہشت گردی کا ایک base بنا ہوا ہےاور یہ اعتراف گناہ، اعتراف جرم کرایا جا رہا ہے، charge sheet کے علاوہ اعتراف گناہ پر مجبور کیا جا رہا ہے کہ ہم مانیں کہ ہم واقعی دہشت گرد قوم ہیں اور ہم سے آئندہ کے لیے بہتر معاملے اور بہتر طرز عمل کی توقع رکھی جا سکتی ہے۔

جناب چیئرمین! اس کے بعدپاکستان پر ایک یک طرفہ سی پابندی ہے، India پر کوئی نہیں ہے، دوسرے neighbouring countries پر کوئی نہیں ہے، پاکستان پر یہ پابندی ہے کہ وہ attacks against United States and coalition forces in افغانستان کو control and prevent کرے گا اور against territories of people of neighbouring countries بھی کرے گا۔ مجھے حیرت ہے کہ ان neighbouring countries کو بھی حکومت نے اپنے کارنامے کے طور پر کہا ہے کہ وہ India کا لفظ لا رہے تھے، ہم نےاس کو neighbouring countries میں تبدیل کرا دیا ہے۔ یہ تو ایسا ہے کہ وہ ایک پھندا آپ کو پکڑنے کے لیے لا رہے تھے اور آپ نے ان کو اجازت دے دی کہ پھندے کے بجائے جال لے آؤ تاکہ اس میں ایک کی بجائے بہت سے شکار آسکیں۔ اب neighbouring countries میں سب سے پہلے تو India شامل ہوتا ہے اور وہ اس کے علاوہ جس کو چاہیں، افغانستان کو چاہیں، ایران کو چاہیں شامل کر لیں تو ہمارے لیے یہ بھی انتہائی خطرناک اور ذلت آمیز شرط ہے۔

اسی طرح ایٹمی پھیلاؤ کا سلسلہ ہے، ہم پر یہ بھی ذمہ داری ڈالی گئی ہے کہ ہمیںaccess دینی ہے,to Pakistani nationals involved in atomic proliferation ان کو ان تک رسائی دینی ہے جو atomic proliferation میں ملوث ہیں، مبینہ طور پر ہماری یہ بھی ذمہ داری اس bill میں بنائی گئی ہے۔ اس کے ساتھ پھر چوتھی چیز ہے کہ major deal of arms, purchase کے لیے ہمیں American Secretary of State کے certificate کی ضرورت ہو گی اور ہم آزادانہ طور پر اسلحہ بھی نہیں خرید سکیں گے۔

اس میں جو پانچویں بات کہی گئی ہے، حکومت اور حکومتی ترجمانوں نے اس کو بھی بڑے کارنامے کی شکل میں پیش کیا ہے کہ پاکستان کی فوج پاکستان کےpolitical and judicial process میں دخل نہیں دے گی۔ ہمارے وزیر اطلاعات تشریف فرما نہیں ہیں، انہوں نے بھی قومی اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ آپ اور کیا چاہتے ہیں، اگر آپ جمہوریت پسند ہیں تو آپ اس شق کی مخالفت

کیوں کرتے ہیں، کیا ہم جمہوریت پسند نہیں ہیں، کیا ہم نہیں چاہتے کہ فوج ان معاملات میں دخل نہ دے۔ یقیناً ہم سب اس کے حامی ہیں یا میں کہوں گا کہ اپوزیشن کی تمام پارٹیاں اور پیپلز پارٹی اس بات کی حامی ہے کہ فوج ہمارے سول معاملات میں دخل نہ دے لیکن بڑی اہم بات یہاں سوچنے کی یہ ہے کہ یہ certification کس نے دینی ہے، یہ سند کس نے جاری کرنی ہے کہ فوج سول اور انتظامی معاملات یا judicial معاملات میں ملوث نہیں ہے اور نہیں رہی ہے۔ یہ کس نے دینی ہے، پاکستان کی حکومت نے نہیں دینی، اس نے یہ نہیں کہنا کہ ٹھیک ہے کہ انہوں نے دخل نہیں دیا، یہ certificate American Secretary of State نے جاری کرنا ہے اور under the direction of the President of United States جاری کرنا ہے۔ اس کا مطلب واضح ہے، میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب وہ یہ certificate جاری کریں گے، تمام تر وضاحتی بیانات اورexplanatory statements کے باوجود جب یہ certificate جاری کرنےکا موقع آئے گا تو کیا وہ اپنا لچ نہیں تلیں گے، کیا وہ اپنے مفادات پورے نہیں کریں گے، کیا وہ یہ نہیں کہیں گے کہ فلاں کو ترقی دو اور فلاں کو نہ دو، فلاں کو جرنیل بناؤ اور فلاں کو نہ بناؤ ورنہ ہم یہ certificate جاری نہیں کریں گے اور تمہاری امداد بند ہو جائے گی تو leverage ابھی تک ان کے ہاتھ میں ہے۔

میں اس لحاظ سے یہ گزارش کروں گا کہ ملک اور فوج کو America کے ہاتھ گروی رکھ کر یہ امداد لی جا رہی ہے۔ میں یہاں پر پاکستان کے print and electronic media کوخراج تحسین بھی پیش کرنا چاہوں گا، میں سمجھتا ہوں کہ اپوزیشن سے بھی پہلے انہوں نے اس سلسلے میں آواز بلند کی۔ میں اپوزیشن پارٹیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں اور اسی طرح فوجی قیادت کو پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جیساکہ میں نے کہا کہ ہم ہمیشہ فوجی مداخلت کے خلاف رہے ہیں لیکن ان کو قومی معاملات پر فوج کو touch کرنے والے، قوم کو touch کرنے والے معاملات پر رائے دینے کا حق ہے۔ میں اپنی محدود معلومات کے مطابق یا ایک common sense کے مطابق سمجھتا ہوں کہ انہوں نے پہلے رائے کسی اور forum پر دی جب وہ نہیں سنی گئی توpublicly اس کا کچھ نہ کچھ اظہار کرنے پر مجبور ہوئے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ قومی وقار، آزادی اور خودمختاری کی قیمت پر امداد قبول کرنا زندہ اور بیدار قوموں کا شیوہ نہیں ہے اور نہ ہونا چاہئیے۔ جناب چیئرمین! آزادی کا کوئی بدل نہیں ہے، ہم اس سے پہلے برطانیہ کے غلام رہے اور ہم یہاں بھی مڈل اور میٹرک میں مضمون نویسی کیا کرتے تھے یا ہم سے کرائی جاتی تھی یا ہماری composition کی کتابوں میں ہوتا تھا (انگریزی راج کی برکتیں) کہ انہوں نےہندوستان سے ڈاکا زنی ختم کی، نہری system لےکر آئے، ریلوے لے کر آئے، پوسٹل سسٹم لے کر آئے، بہت سی چیزیں لے کر آئے لیکن اس کے باوجود ہمارے بڑوں نے اور ہم نے آزادی چاہی، آزادی کے لیے جدوجہد کی، اس لیے کہ آزادی کا کوئی بدل نہیں ہے، بہترین ترقی بھی اس کا بدل نہیں ہے۔

دل کی آزادی شہنشاہی شکم سامان موت
فیصلہ تیرا تیرے ہاتھوں میں ہے دل یا شکم

مجھے معلوم ہے کہ حکومت کا فیصلہ شکم کے حق میں ہو گا لیکن میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ وضاحتی بیان کے بعد موجودہ حکومت اور پاکستان کی آئندہ حکومتوں کی ذمہ داری بہت بڑھ گئی ہے، پاکستان کی ہر حکومت کو چوکسی،

vigilance اور قومی غیرت کا مظاہرہ کرنا ہو گا۔ جب certification کا وقت آئے یا atomic پھیلاؤ میں ملوث افراد کو طلب کرنے کا یا ان تک رسائی کی بات ہو یا neighbouring countries کے خلاف کارروائیاں روکنے کی بات ہو، پاکستا ن کو اپنا مفاد، اپنی غیرت اور اپنے وقار کی بات کرنی ہو گی اور وہ حکومت جو موجود ہے یا آئندہ آنے والی ہے، اس کواس سلسلے میں ذمہ داری کا احساس کرنا ہو گا۔

میں آخر میں یہ گزارش کروں گا کہ بات کہاں سے شرع ہوئی تھی اور کہاں تک پہنچی ہے، ہمیں اس سے آئندہ کے لیے کم از کم کچھ سبق لینا چاہئیے۔ حکومت کی طرف سےبات یہاں سے شروع ہوئی تھی کہ یہ ایک perfect اور مکمل bill ہے اور پاکستان کے لیے بہت بڑا تحفہ ہے اور پاکستان کے لیے بہت بڑا عطیہ ہے اور اس کے جو ناقدین ہیں جو تنقید کرنے والے ہیں، ان کو انگریزی نہیں آتی، بات یہاں سے شروع ہوئی تھی۔ اس پر media اور اپوزیشن والے بولتے رہے، کہتے رہے کہ نہیں وہ فلاں بات ہے، اس میں فلاں بات ہے، اس میں فلاں کمی ہے یا فلاں زیادتی ہے لیکن کسی کے کان پر جوں نہیں رینگی۔ اس کے بعد امریکی سفیر نے یہ تسلیم کیا کہ اس کی language مناسب نہیں ہے اور اب یہ جو وضاحتی بیان ہے، یہ بھی اس بات کا ثبوت ہے کہ کیری صاحب نے اور بہت سے دوسرے صاحبان نے بھی تسلیم کیا کہ اس میں کچھ کمی رہ گئی ہے۔ اب میری ایک تجویز تو یہ ہےکہ جو ہمیں انگریز ی پڑھانے جا رہے تھے، انہیں پیٹرسن صاحبہ، امریکی سفیر، کیری لوگر صاحب اور ان تمام صاحبان کو انگریزی پڑھانی چاہئیے کیونکہ لگتا ہے کہ وہ بھی انگریزی سے نابلد ہیں، ناواقف ہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ اب تو جو ہو چکا، ہو چکا، اس میں اب ہم damage control ہی زیادہ سے زیادہ کر سکتے تھے، وزیر خارجہ اسی کے لیے تشریف لے گئے تھے، damage تو ہو چکا، اب اسے control کرنے کا مسئلہ تھاکہ وہ جتنا کم کیا جا سکتا ہے لیکن آئندہ کے لیے ایسے damages اور نقصانات سے بچنے کا طریقہ یہی ہے کہ ہمارے representatives اور نمائندے ذمہ دار ہوں، کام کے ہوں اور پاکستانی ہوں۔ ظاہر ہے کہ ostensibly وہ پاکستانی ہیں لیکن پاکستانی ذہنیت اور غیرت رکھنے والے ہوں۔ سفیر محترم کے بار ےمیں بات ہوئی ہے اور ہمارے Minister of State for Foreign Affairs نے defend بھی کیا، انہیں defend کرنا چاہئیے تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ اسی طرح صدر صاحب جو وفد لے کر جاتے رہے ہیں، گفتگو کرتے رہے ہیں اور آخر میں شادیانے بجاتے ہوئے واپس تشریف لائے ہیں کہ جی بہت بڑا کارنامہ انجام ہو گیا ہے اور Bill pass ہو گیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ انہیں بھی آئندہ اس سلسلے میں بڑی احتیاط سے کام لینا چاہئیے اور ہمیں ایسے نمائندے مقرر کرنے چاہییں جن کے انگریزی کے علاوہ پاکستانیت سے ذہن اور دماغ منور ہوں اور پاکستانی حوالے سے سوچیں، امریکی حوالے یا غیر ملکی حوالے سے نہ سوچیں۔ ہم آئندہ کے لیے اس بہت بڑے سانحے سے، میں اسے سانحہ کہوں گا، اس بہت بڑے سانحے سے ہم آئندہ کے لیے سبق سیکھ سکیں تو چلیں پھر بھی غنیمت ہے۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ ساجد میر صاحب۔ میڈم گلشن سعید صاحبہ please, take the floor, آپ کا نام list میں ہے، Lugar Bill میں نام نہیں ہے، list میں نام ہے۔

سینیٹر گلشن سعید: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب! جناب! میں بیمار ہوں، میں نے تیاری نہیں کی، میں تھوڑی دیر کے لیے آ جاتی ہوں، میں دو تین suggestions دے سکتی ہوں، if you want?

جناب ڈپٹی چیئرمین: اللہ آپ کو صحت دے۔ نہیں، بیگم فوزیہ فخرالزمان تقریر کر لیں۔

سینیٹر گلشن سعید: وہ تقریر کر لیں لیکن میں suggestions دے کر بیٹھ سکتی ہوں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: نہیں، بس میڈم تقریر کر لیتی ہیں، جی انشاء اللہ۔ میڈم فوزیہ فخرالزمان صاحبہ کر لیں، وہ مختصر تقریر کرتی ہیں اور بہت کارآمد تقریر کرتی ہیں۔

سینیٹرفوزیہ فخرالزمان خان: بہت بہت شکریہ کہ آپ نے مجھے بات کرنے کا موقع دیا۔ کیری لوگر بل پر اتنا کچھ کہا جا چکا ہے کہ میرا تو بولنے کا ارادہ ہی نہیں تھا لیکن پھر بھی میں نےکہا کہ چلو میں بھی دو چار باتیں کر لوں۔ یہ یوں ہےکہ جیسےوکیل ہارنے کے بعد بھی بحث جاری رکھتاہے، جو کچھ ہونا تھا وہ تو ہو چکامگر پتا نہیں ہم لوگ کیوں بحث کر رہے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ اس کی ایک ایک شق اس قابل تھی کہ پارلیمنٹ میں لائی جاتی اور وقت سے پہلے بحث ہوتی اور پھر کیری لوگر بل بنتا۔ یہ تو آپ سب جان چکے ہیں کہ یہ almost ہوچکا ہے، آپ بولتے رہیں کوئی فائدہ نہیں ہے لیکن میں کچھ باتیں اس سے ہٹ کرکرنا چاہ رہی ہوں۔ وہ یہ ہے کہ PC Peshawar بک چکا، میریٹ کا 4th floor بک چکا، سیرینا کی اوپر کی منزل بک چکی، یہاں بے شمار گھر کرائے پر چڑھ چکے۔ کیا یہ ضروری نہیں تھا کہ ہم لوگوں کو اس کے بارے میں تھوڑی سی اطلاع مل جاتی کہ یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے۔ Black Water کا شور مچا ہوا ہےاور اگر Black Water نہیں تو پھر XE ہے، کچھ تو ہے جس کی پردہ داری ہے۔ لوگ ہمیں ہاتھ اٹھا اٹھا کر کہتے ہیں کہ مشرف کے دور میں یہ ہوا، مشرف کے دور میں یہ ہوا، یقین جانیئے کہ جب حکومت چل رہی ہوتی ہے تو سب منہ میں گھنگنیاں ڈال کر بیٹھے ہوتے ہیں، کسی کو پتا نہیں ہوتا ہے کہ کیا غلط ہورہا ہے۔ ابھی بھی بہت کچھ غلط ہو رہا ہے، آنے والے لوگ اس بارے میں بھی شور مچائیں گے کہ ان کے زمانے میں یہ ہوا، یہ ہوا، please یہ پردہ داری نہ رکھیئے اور بات کو سامنے لے آئیں۔ اب سے چار سو سال پہلے 1614ء میں جب انگریز لومڑجہانگیر بادشاہ کے دربار میں آئے تھے----

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی حافظ رشید صاحب۔

سینیٹر حافظ رشید احمد: جناب! یہ وزراء کی ساری لائن خالی پڑی ہے۔

سینیٹر فوزیہ فخرالزمان خان: ہاں جی وہاں کوئی نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: میرا خیال ہے سب وزراء اپنی بقاء کے بارے میں سوچنے گئے ہیں۔ کچھ شام کو بےچین ہوجاتے ہیں اور وہ جلدی چلے جاتے ہیں اور کچھ ادھر رہ جاتے ہیں۔ میں آپ کو سننے کے لیے بیٹھا ہوں۔ یہ media کے بھائی بیٹھے ہوئے ہیں معاف نہیں کریں گے، media and judiciary اس وقت بہت effective ہیں۔ آجائیں گے، کہاں جائیں گے، گھوم پھرکرانہوں نے ادھر ہی آنا ہے۔

سینیٹر گلشن سعید: آپ بھی کافی دنوں کی غیرحاضری کے بعد آئے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: مجھے ملک سے باہر بھیج دیا گیا تھا۔

(مداخلت)

جناب ڈپٹی چیئرمین: آپ کے بارے میں نہیں کہا یہ وزراء کے بارے میں ہے۔ آپ آ گئے ہیں وزراء غائب ہو گئے، کچھ شام کو بےچینی کے عالم میں ہوتے ہیں اور کچھ غیرحاضر ہو جاتے ہیں۔ جی فوزیہ صاحبہ۔

سینیٹرفوزیہ فخرالزمان خان: میں یہ جاننا چاہتی ہوں کہ یہ Black Water تنظیم درست ہے یا نہیں اور یہ XE کیاہے، کچھ بھی ہے اس کے بارے میں ہمیں آگاہ کیا جائے۔ آپ کو پتا ہے کہ1614ء میں جہانگیر بادشاہ کے زمانے میں یہ لومڑ باہر سے آئے تھے اور کئی سال یہ حکومت کرتے رہے۔ احساس محرومی تو ہمارے بڑوں کو تب سے ہی ہو گیا تھا کہ جوانہوں نے ہم لوگوں کے ساتھ سلوک کیا، ہندوپاک کو توڑموڑکر رکھ دیا اور یہ لوگ تب واپس ہوئے تھے جب 1857ء کے غدر میں ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کو مار مار کر پاگل ہو گئے تھے تو کیا اب آپ بار بار غدر لانا چاہتے ہیں۔ یہ وطن اس چیز کا متحمل ہے ہی نہیں کہ اس پر اور مصیبتیں ٹوٹیں۔ Please ہم سب کو آگاہ کیا جائے کہ یہ Black Water کیا ہے۔ اس زمانے میں جس کو رنگون کی قید ملتی تھی تو کہا جاتا تھا کہ اسے کالے پانی کی سزا ہو گئی ہے۔ Please ہمیں اس سے آگاہ کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ میڈم۔ ڈاکٹر صفدر عباسی صاحب please take the floor. ایک منٹ! میں جہانگیر بدر صاحب سیکریٹری جنرل پاکستان پیپلزپارٹی سے عرض کروں کہ جناب! آپ کی Cabinet کے کوئی وزراء موجود نہیں ہیں۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جناب! یہ پارٹی میٹنگ نہیں ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرین: نہیں آپ انہیں party discipline میں سمجھائیں۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: جناب چیئرمین! آپ مجھے موقع دیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی please۔

سینیٹر محمد جہانگیر بدر: اگر یہ پارٹی میٹنگ ہوتی تو میں اس کا ذمہ دار ہوتا، Leader of the House should be here, this is House, Senate, coalition….

جناب ڈپٹی چیئرمین: مطلب ہے you are with me when I take it up.

Senator Muhammad Jahangir Badar: This is not Peoples Party but however

چونکہ آپ کا حکم ہےلہٰذا میں کوشش کروں گا کہ آئندہ آپ کو شکایت نہ ہو۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی صفدر عباسی صاحب۔

سینیٹرڈاکٹر صفدر علی عباسی: جناب چیئرمین شکریہ۔ میرے خیال میں کافی دنوں سے یہ جو بحث پاکستان کے media میں، پارلیمنٹ میں، اخبارات میں اور مختلف اداروں میں چھڑی ہوئی ہے تو اس سے اگر یقیناً اور کچھ نہیں ہو ا تو کم ازکم سینیٹر جان کیری اور سینیٹر رچرڈ لوگر کا نام ضرور گھر گھر پہنچ گیا ہے۔ جناب چیئرمین! یہ bill کیری اور لوگر صاحب کے نام سےہے لیکن یہ Enhance Partnership with Pakistan Act, 2009 کہلاتا ہے یعنی یہ کہ حکومت امریکہ اوران کی کانگریس یہ چاہتی ہے کہ پاکستان کے ساتھ partnership کو بڑھایا جائے، پاکستان کے عوام تک پہنچا جائے اور جو aid پچھلے سالوں میں پاکستان کو ملتی رہی ہے اس کو تبدیل کر کے پاکستان کے عوام تک directly پہنچانے کی کوشش کی جائے۔ یہ بڑا laudable objective ہےاور جب اس کے ساتھ ڈیڑھ بلین ڈالر آ رہا ہوتو یقیناً اس کو اچھا امر ہی کہا جائے گا اور عوام کی سوچ اس حد تک ضرور ہو گی کہ حکومت امریکہ چاہتی ہے کہ وہ پاکستان کے عوام تک پہنچنے کی کوشش کرے۔

جناب عالی! پاکستان کی تاریخ مختلف معاہدوں کے ساتھ بھری پڑی ہے جو کہ ہم نے United States of America کے ساتھ کیے۔ مجھے PN 480 بھی یاد آتا ہے کہ جس کی شرط یہ تھی کہ پیسے ملیں گے لیکن آپ گندم امریکہ کی خریدیں گے، مجھے PLAT Amendment بھی یاد ہے کہ جس کے ذریعے پاکستان پر nuclear programme کے حوالے سے پابندیاں عائد کی گئیں اور ساتھ ہی Pressler Amendment آئی کہ ہم اس کو waive کر دیں گے۔ ہم نے SEATO and CENTO کے معاہدات بھی دیکھے، جس میں ہم یقیناً inferior قوم کی طرح سامنے آئے اور پاکستان پر امریکہ کا اثر بڑھتا چلا گیا۔ خاص طور پر 1980 میں اس ملک میں امریکہ کے مفادات کی خاطراور سویت یونین کو defeat کرنے کے لیے ایک کھیپ ان لوگوں کی آئی کہ جن کو ایک زمانے میں ہم نے مجاہدین کہا اور آج ہم ان کو terrorist کہتے ہیں۔

جناب چیئرمین! پاکستان اور امریکہ کے تعلقات ہمیشہ دو طرح کے رہے ہیں، ایک جو حکومتوں کے تعلقات رہے ہیں کہ جس میں ماسوائے میں یہ کہوں گا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹوکی حکومت کے کہ جنہوں نے امریکہ کی آنکھ میں آنکھ ڈال کر بات کی اور شاید وہ ایک واحد زمانہ ہو گا کہ جب ہم امریکی aid پر dependent نہیں تھے۔ انہوں نے پاکستان کے ان خارجی راستوں کو کھولا جس سے پاکستان امریکہ پر dependent نہیں رہا لیکن پھر ہم لوگوں نے ہی اس شخص کو ایک trial کے ذریعے قتل کیااوراس کے ساتھ ہی ہم نے پاکستان میں امریکہ کے خلاف اس آواز کو دبایا جو کہ third world کی بات کرتی تھی، جو کہ اسلامک بلاک کی بات کرتی تھی اور جو پاکستان کے مظلوم عوام کی بات کرتی تھی۔ ڈکٹیٹر شپ نے پاکستان کے عوام کو، پاکستان کے لوگوں کو کوڑے، جیلوں اور پھانسیوں کا تحفہ دیا اور ساتھ ہی آج ہم جس چیز کو بھگت رہے ہیں اس terrorism کے حوالے سے، 80 کی دہائی میں ایک ڈکٹیٹر نے اس چیز کو جنم دیا۔ جو فصل اس وقت بوئی گئی، آج ہم وہ فصل کاٹ رہے ہیں۔

جناب چیئرمین! یقیناً جب ہم ان ساری چیزوں کو اس تناظر میں دیکھتے ہیں تو ہمیں یہ چیز نظر آتی ہے کہ ایک طرف حکومت امریکہ یا United States کی کانگریس پاکستان کے عوام کے مفاد میں یہ قدم اٹھانا چاہتی ہے لیکن جناب ! دوسری طرف جب ہم اسی Bill پر نظر ڈالتے ہیں تو اس کے اندر کم از کم دو سیکشن جو ہیں 302 and 203 پورے پورے paragraphs ہیں جن کو جب میں نے پڑھا تو میرے خیالات یہی تھے کہ یہ وہی Pressler Amendment کی طرز پر ہے کہ جب تک اپنے مفادات ہیں دیے جاؤ، جس دن مفادات ختم ہوں اس دن اس کو withdraw کرلیں۔جناب عالی! میں حقیقتاً بتاتا ہوں کہ جو enhanced partnership رکھی گئی ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ مجھے معذرت کے ساتھ یہ enhanced partnership ہوتی ہوئی نظر نہیں آتی۔

جناب چیئرمین! اس چیز کو welcome کرتے ہوئے کہوں گا کہ پھر دوبارہ وہ ہمارے ساتھ ایک لمبی commitment کر رہے ہیں، پانچ سال کی جو پہلے انہو ں نے نہیں کی لیکن اس سارے عمل کے اندر جو خرابیاں پیدا ہوئیں ان کو ہمیں ضرور note کرنا چاہیے۔اس میں حکومت پاکستان کو بھی توجہ دینی چاہیے اور Parliament of Pakistan کو بھی توجہ دینی چاہیے۔ ان باتوں نے، ان خرابیوں کو جنم دیا جو کہ آج پاکستان کے سارے معاشرے میں اتنے fissures and cleavages createکرچکی ہیں کہ جن کو سنبھالنا حکومت وقت کی انتہائی بڑی ذمہ داری ہے۔ان fissures and cleavages کو اگر ہم نے ایسے ہی چھوڑ دیا تو ہماری آئندہ آنے والی political stability کبھی قائم نہیں ہوسکے گی۔میں معذرت چاہوں گا کہ بعض اقدامات کچھ دوستوں کی طرف سے ایسے ہوئے کہ جنہوں نے ان fissures and cleavages کو جنم دیا۔میرے خیال میں اگر پہلے ہی دن ہم پوری طرح باخبر ہو کر یہ کرتے اور آج explanation, Kerry and Lugar صاحب دے رہے ہیں، اگر ہم ان کو پہلے pre-empt کرلیتےتو شاید یہ مسائل آج پیدا نہ ہوتے۔

جناب چیئرمین! بنیادی بات جو میں سمجھتا ہوں جس کی وجہ سے اس سارے عمل نے جنم لیا وہ کچھ دوستوں کی طرف سے یہ argument تھی کہ civilian aid پر تو کوئی پابندی نہیں ہےلیکن فوجی امداد پر section 203 کے تحت پابندی لگائی گئی ہے۔اس نے اس بنیادی cleavage کو جنم دیا کہ شاید civilian aid الگ ہے اور فوجی امداد الگ ہے۔میرے نزدیک State of Pakistan کی یہ ذمہ داری ہے کہ ہم civilian aid بھی انہی شرطوں پر لیں، جن پر ہم فوجی امداد لیتے ہیں اور فوجی امداد بھی انہی شرطوں پر لیں، جن پر ہم civilian aid لیتے ہیں۔کیونکہ حالات اس نہج کی طرف جا رہے ہیں اور یہ تین چار دن سےپاکستان کے اندر جو کچھ ہو رہا ہے آپ دیکھ رہے ہیں۔ چاہے وہ اسلام آباد میں یو این کی عمارت ہو، چاہے وہ پشاور کا خیبر بازار ہو، چاہے وہ شانگلہ میں الپوری ہو، چاہے وہ جی ایچ کیو پر حملہ ہو، چاہے وہ آج لاہور میں ایف آئی اے سینٹر پر حملہ ہو، اور پشاور میں کوہاٹ روڈ پر جو آج دوبارہ ہوا ہے، ان تمام چیزوں میں یہ بنیادی چیز ہے، جس کے ذریعے آپ یہ جنگ لڑنا چاہتے ہیں۔ٹھیک ہے ہمیں بہت سے اختلافات ہوں گے فوجی حکمت عملی کے حوالے سے۔میں ہمیشہ پاکستان فوج کو سب سے بڑی ذمہ داری دیتا ہوں کہ انہوں نے کبھی بھی ضیاء الحق اور جنرل مشرف جیسے لوگوں کو روکا نہیں ہے۔ اگر پاکستان فوج کے اندر ضیاء الحق اور مشرف جیسے لوگوں

کو روکا جاتا تو شاید آج جس انداز میں ہم ٹی وی پر نغمے سنتے ہیں (میریا ڈھول سپاہیا تینوں رب دیاں رکھاں اور میرے وطن کے سجیلے جوانو، میرے نغمے تمہارے لیے ہیں) اگر ہم لوگوں نے ان کو روکا ہوتا تو یہ آوازیں ہمیشہ ان کے لیے گونجتیں اور پاکستانی عوام ہمیشہ یہ گانے ان کےلیے گاتے رہتے۔آج اس موقع پر میں حقیقتاً یہ محسوس کرتا ہوں کہ اگر انہوں نے national response کی بات کی ہے اور انہوں نے پارلیمنٹ کو اس بات کا ذمہ دار قرار دیا کہ وہ national response built کرے، اگر اس spirit کے ساتھ پاکستان کی فوج آگے بڑھتی ہے تو مجھے یقین ہے کہ پاکستان کے عوام ان کو اسی تکریم سے دیکھیں گے جس طرح انہوں نے 1965 کی جنگ میں دیکھا تھا لیکن اگر اس سے آگے کوئی بات کی گئی تو میں سمجھتا ہوں کہ پھر وہ عزت و تکریم نہیں رہے گی۔

جناب چیئرمین! ہمیں یہ ضرور دیکھنا چاہیے کہ اس امداد کےذریعے کیا واقعتاً ہم ان لوگوں تک پہنچ پائیں گے جس کی کیری لوگر بل ذمہ داری اٹھا رہا ہے اور جو اہداف انہوں نے مقرر کیے ہیں۔ کیا واقعی ہم ان تک پہنچ سکیں گے ؟ ہمیں ہر صور ت میں اس بات کی اب توجیح کرنی پڑے گی کہ آج یہ جو national debate ہوئی ہے، ہمیں ایک بات کو ہمیشہ یاد رکھنا پڑے گا کہ اب پاکستان کے عوام کے ذہنوں میں ایک paradigm shift آئی ہے۔9 مارچ 2007 نے جسٹس افتخار محمد چوہدری کو تو ضرور جنم دیا ہو گا لیکن اس دن نےمیرے خیال میں شخصیتوں کو جنم نہیں دیا تھا اس نے پاکستان کے عوام میں ایک paradigm shift پیدا کی تھی کہ جو dictatorship کو اور تمام غلط باتوں کو resist کرنے کے لیے تھی، چاہے کسی طرف سے بھی ہوں اور آج جو ہم عوام کے اندر ایک لہر دیکھ رہے ہیں اپنےمفادات کے تحفظ کے لیے اس کی بنیاد یہ ہے کہ وہ جو paradigm shift اس ملک کے عوام کے ذہنوں میں پیداہوئی ہے اگر کوئی حکومت، میں معذرت سے کہوں گا میں particular کسی شخصیت کے لیے بات نہیں کروں گا لیکن یہ جو paradigm shift پیدا ہوئی ہے، اگر کوئی حکومت اس چیز کو realize نہ کر پائی یا اس چیز کا احساس نہ کر پائی تو اس سے تفریق جنم لے گی اور آج ہم نے اس تفریق کو مٹانا ہے۔ میں حاصل بزنجو صاحب سے بالکل متفق ہوں کہ بات یہ ہے کہ اب ہمیں یہ سوچنا پڑے گا کہ یہ جو تفریق نے جنم لیا ہے، اسے ہم کس طرح کم کر سکتے ہیں۔ حقیقتاً اگر آپ مجھ سے پوچھیں تو شاید میرے پاس اس کا جواب نہ ہو۔ لیکن اگر یہ تفریق جاری رہی تو اس سے وہ خرابیاں جنم لیں گی جو آپ کو نظر آ رہی ہیں۔

جناب چیئرمین! آخر میں یہ تمام باتیں آپ کے سامنے رکھتے ہوئے، میں یہی کہوں گا کہ آج ہم یقیناً ایک دوراہے پر کھڑے ہیں۔ ہمیں دنیا کی مدد چاہیے، ہمیں Friends of Pakistan کی بھی مدد چاہیے، ہم اپیلیں بھی کر رہے ہیں، یقیناً بہت سے دلوں کے اندر اس کے متعلق وسوسے بھی ہیں لیکن حقیقتاً پاکستان کو یہ ضرور سوچنا پڑے گا، حکومتِ پاکستان کو یہ ضرور سوچنا پڑے گا کہ ہم اپنی خارجہ پالیسی کو کس طرح اپنی داخلی پالیسی کی ترجیحات پر پرکھتے ہیں۔ ملک کے اندر بڑھتی ہوئی بے چینی، ملک کے اندر بڑھتی ہوئی political instability اس بات کی دعوت دے رہی ہے کہ ہم ان اقدامات کو ساتھ لے کر چلیں اور ان اقدامات کی طرف بڑھیں تاکہ پاکستان کے آئین میں موجود خرابیوں کو ہم دور کر سکیں۔

میں تھوڑا سا digress کروں گا یہ بات کہتے ہوئے کہ جناب میاں رضا ربانی صاحب کی جو committee ہے جس کے اراکین ہمارے پارلیمنٹ کے تمام senior leaders ہیں، میں ان کو کہوں گا کہ پاکستان کی جو ہماری بنیادی دستاویز ہے، اس کے اوپر مہربانی فر ماکر جلد از جلد consensus build کریں۔ وقت زیادہ نہیں ہے آپ کے پاس، time بہت تھوڑا ہے۔ Civilian control, پارلیمنٹ کا control کوئی کیری لوگر بل نہیں کر سکے گا، civilian control اس وقت ہوگا جب پاکستان کی پارلیمنٹ مضبوط ہو گی۔ Trichotomy of power ہوگی۔ کبھی کوئی foreign nation چاہے کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو، وہ ہمارے بنیادی خدوخال کو درست نہیں کرسکتی جب تک ہم اس بات کے لیے تیار نہ ہوں۔ آئین پاکستان نے، 73 کے آئین نے، جو آج تک mutilate نہیں ہو سکا باوجود تمام کوششوں کے، جو trichotomy of powers دی ہوئی ہے، اس میں جب تک ہم balance create نہیں کر سکیں گے، ہم کسی بھی ادارے کو اپنے اوپر چڑھنے سے روک نہیں سکیں گے۔ ہم یقیناً سارے اداروں کا احترام کرتے ہیں لیکن بنیاد وہاں سے شروع ہوگی جب ہم تمام لوگ جو یہاں بیٹھے ہیں چاہے وہ سینیٹ میں ہیں، چاہے وہ قومی اسمبلی میں ہیں، وہ اس بات کو طے کر لیں کہ ultimate control پارلیمنٹ کا ہے، وہی executive کو balance کر سکتی ہے، وہی judiciary کو balance کر سکتی ہے اور وہی افواج پاکستان کو بھی اپنا کلیدی کردار ادا کرنے کےلیے مجبور کر سکتی ہے۔

جناب! امریکی کانگریس اپنی جگہ، ان کے اچھے خیالات بھی اپنی جگہ، جو وہ ہم پر تھوپ چکے ہیں وہ بھی اپنی جگہ لیکن حقیقتاً فیصلے وہ کارگر ہوں گے جب ہم اتحاد قائم رکھیں گے اور پارلیمنٹ کی بنیادی افادیت کو نظر میں رکھتے ہوئے اس ادارے کو مضبوط بنانے کی کوشش کریں گے۔ بہت مہربانی، بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ عباسی صاحب۔ Madam Semeen Siddiqui sahiba, please take the floor. بہت سے دوست ہیں جو اس وقت موجود نہیں ہیں، میں نے ان کے ساتھ not present لکھ دیا ہے لیکن نام نہیں لینا چاہتا کیونکہ وہ late arrivals میں آ جاتے ہیں، پی آئی اے کی طرح ہم بھی late arrivals میں آتے جاتے رہتے ہیں۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: جناب چیئرمین! شکریہ۔ کیری لوگر بل پر اس House میں کافی discussion ہو چکی ہے لیکن میں اپنی چند گزارشات پیش کروں گی اور اس میں اپنا حصہ ڈالنا چاہوں گی۔

پہلی بات تو یہ ہے کہ میں نے جب کیری لوگر بل پڑھا تو مجھے بڑا تعجب ہوا، اس بل میں ایک labour union سے لے کر nuclear تک ہر چیز موجود ہے، اس میں agriculture ہے، judiciary ہے، health ہے، education ہے۔ سب چیزیں موجود ہیں، سب اچھی باتیں ہیں، ٹھیک ہے وہ ہمارے friends ہیں، ہمارے لیے فکر مند ہیں اور ہمارے ساتھ ان معاملات میں تعاون کرنا چاہتے ہیں لیکن مجھے ایسا محسوس ہوا کہ جیسے وہ ہمیں lease پر لینا چاہتے ہیں اور ہماری پوری overhauling اور پوری اصلاح کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے even ہر ایک چیز

کو touch کیا ہے، ہمارے internal affairs کو، minorities, ethnic ہر چیز انہوں نے اس میں cover کی ہے۔

پچھلے دنوں میں نے اخبار میں پڑھا تھا کہ ہم سعودی عریبیہ کو کچھ agricultural land زرعی مقاصد کے لیے lease پر دے رہے ہیں، ہمارے پاس اپنے لوگ نہیں ہیں کہ ان میں زمین بانٹیں اور وہ اپنا اناج اگائیں بلکہ سعودی عرب والے ہماری سرزمین پر اپنا اناج اگائیں گے اور یہاں سے لے کر جائیں گے۔ اسی طرح مجھے لگ رہا ہے کہ اس کو بھی ہم lease پر دینا چاہ رہے ہیں یا امریکہ ہمیں اپنی کالونی بنانا چاہتا ہے۔

جناب والا! پہلے تو حکومت یہ کہتی رہی کہ سارے stakeholders کو اس نے on board لیا ہے اور اس Bill کے بارے میں ہر ایک سے discussion ہوتی رہی ہے، یہ statement حکومت نے جاری رکھی، اس کے بعد آرمی چیف اور جنرل طارق مجید نے وزیر اعظم سےاس سلسلے میں ملاقاتیں بھی کیں اور انہیں notes بھی بھیجیے لیکن حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگی، آخر کار مجبور ہو کر فوج کو ایک بیان دینا پڑا۔ میں یہ کہوں گی کہ اس سلسلے میں میڈیا نے ایک بہت اہم role play کیا ہے اور میڈیا نے اس کو highlight کیا اور پھر debate شروع ہوئی جس کی وجہ سے حکومت بھی مجبور ہوئی کہ پارلیمنٹ میں اس debate کو لے کر آئے۔ میں سمجھتی ہوں کہ اس سلسلے میں یہ ایک اچھی پیش رفت ہوئی ہے۔

جناب! جب دوستوں کی بات آتی ہے اور جب دوست کسی ملک کی مدد کرتے ہیں تو اس میں conditionalities نہیں ہوتی ہیں لیکن اس کیری لوگر بل میں بہت ساری conditionalities موجود ہیں۔ انہوں نے اس میں سے اے کیو خان کا نام تو بے شک نکالا ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے اس میں تمام پاکستانیوں تک access حاصل کرنے کی بات شامل کی ہے۔ ان تمام پاکستانیوں میں اے کیو خان بھی آ جاتے ہیں، تو indirectly اے کیو خان ہی target اس چیز کا رہے۔

جناب! اس Bill میں army کی posting وغیرہ پر بھی انہوں نے اپنی interference show کی ہے کہ وہ کریں گے۔ میں سمجھتی ہوں کہ ابھی ان کا ایک نوٹ بھی آیا ہے اس سلسلے میں لیکن اس کی کوئی زیادہ اہمیت نہیں ہے۔ جناب! ہماری فوج one of the best armies of the world ہے، اس فوج نے سوات میں operation کر کے ثابت کر دیا کہ یہ ایک بہت responsible اور capable فوج ہے، نہ صرف یہاں بلکہ سری لنکا میں تامل ٹائیگرز کو ہرانے میں ہماری فوج کا بڑا کردار ہے۔ چیئرمین صاحب! اس Bill سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ہم کوئی terrorist nation ہیں حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ ہم terrorism کے خلاف لڑتے لڑتے خود terrorism کے victim ہو گئے اور آج یہ دہشت گردی ہماری سرزمین پر ہمیں ہی نقصان پہنچا رہی ہے۔

جناب والا! اس Bill میں پاکستان پر اعتماد نہیں کیا گیا ہے، پاکستان سے terrorism کے حوالے سے do more کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ اب ہمیں چاہیے کہ چونکہ ہم امریکہ کی ضرورت بھی ہیں، یہ نہیں کہ صرف امریکہ ہماری ضرورت ہے بلکہ ہم امریکہ کی ضرورت ہیں تو ہمیں اس کو یہ باور کرانا چاہیے کہ بھئی آپ جب ہم سے کہتے ہو کہ terrorism کے خلاف fight کرو، تو بات یہ ہے کہ ہمارے ہاں terrorism تو across the border ہے، terrorists ہمارے ہاں across the

border آتے ہیں، تو آپ کیوں نہیں افغانستان کو یہ سمجھاتے کہ وہ border کی دونوں اطراف mines بچھائے اور fencing کی اجازت دے۔ افغانستان کو اس بات پر بڑا اعتراض ہے لیکن اگر وہ چاہتے ہیں کہ پاکستان سے دہشت گردی ختم ہو تو انہیں افغانستان کو بھی باور کرانا چاہیے کہ یہ چیز دونوں کے مفاد میں ہے اور fencing کی جائے اور mining کی جائے تاکہ دہشت گردوں کا ایک دوسرے کے ملکوں میں گزر نہ ہو۔

جناب والا! یہ US$ 1.5 billion کا package پاکستان کو دیا جارہا ہے میں سمجھتی ہوں کہ یہ بہت meagre amount ہے۔ اگر آپ اسے calculate کریں، یہاں پر میں تھوڑی سی تفصیل پڑھنا چاہوں گی کہ ان کے Bill کا Section 3(10) that says 2/3rd population is living on less than US$ 2.00 a day and 1/5th of population is living below the poverty line according to the UNDP. جناب والا! میں یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ امداد یا خیرات ہمیں دے رہے ہیں اور جس کا بہت چرچا ہے، شوکت ترین صاحب نے بھی کہا کہ یہ budget deficit میں آ جائے گی، ہم نے اس کو بجٹ میں ڈالا ہوا ہے۔ یہ بات میری سمجھ میں نہیں آئی کہ Bill تو ابھی آیا تو انہوں نے پہلے سے اس کو بجٹ میں کیسے شامل کر لیا ہے؟ جو رقم یہ ہمیں دے رہے ہیں اگر ہم اس کو اپنی population پر divide کریں تو جو یہ کہتے ہیں کہ US$ 2.00 per day جبکہ میں کہتی ہوں کہ 45.66 cent per day per person کا حساب بیٹھتا ہے تو آپ سوچیں کہ کتنی معمولی رقم ہے جو ہمیں خیرات میں دی جا رہی ہے، یعنی کہ 45 cent جو آپ کے عوام پر وہ خرچ کر رہے ہیں US$ 1.5 billion i.e., 45 cent per person per day and it comes to about US$ 80 per annum per person. اس سے بہتر ہوتا کہ وہ ہماری industries کی مدد کرتے، وہ ہمیں کوئی بڑے power plants لگا کر دیتے جیسے سعودی عرب کے ایک شہر میں ہےجس کا نام ابھی میرے ذہن میں نہیں ہے، وہاں پر sea water کو میٹھا کر کے اس سے power generate کر رہے ہیں۔ ہمیں ایسی کوئی چیز تحفے میں دے دیتے تاکہ ہماری industries کا پہیہ چلتا رہتا اور employment generate ہوتی، ہم اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے قابل ہوتے۔

اس کے علاوہ وہ یہ مہربانی بھی کر سکتے تھے کہ ہم قرضوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں ہمارے کچھ قرضے ادا کردیتے یا معاف کروا دیتے، یہ تو انہوں نے کیا نہیں بلکہ ہمارے اوپر check رکھنے کے لیے عندیہ دیا ہے۔ جناب والا! جب یہ رقم دی جارہی تھی تو ہماری حکومت کو چاہیے تھا کہ Turkey and Jordan کی مثال سامنے رکھتی، ترکی نے راہ داری کے لیے US $ 30 billion مانگے تھے، تو کیا ہم اتنے گئے گزرے ہیں کہ ہم ان کی لڑائی لڑ رہے ہیں، ان کے مسلط کردہ یہ وہی مجاہدین ہیں جن کو پہلے یہ مجاہدین کہتے تھے آج یہ دہشت گرد ہوگئے، ان کی پرورش کرتے تھے۔ جب یہ افغانستان چھوڑ کر چلے گئے تو ظاہر ہےیہ لوگ بکھر گئے، ان کو کوئی lead کرنے والا نہیں تھا۔ یہ ہمارے اوپر امریکہ کا تھوپا ہوا terrorism ہے جس سے ہم لڑ رہے ہیں۔ یہ narcotics کی بات کرتے ہیں، اس Bill میں narcotics کا بھی ذکر ہے کہ پاکستان کو کہیں گے کہ اس پر check رکھے۔ جناب والا! میرا یہ سوال ہے کہ narcotics میں استعمال ہونے والی 95% of opium is cultivated in Hilmond, Afghanistan یہ بات آپ کے علم میں

بھی ہو گی۔ جس کیمیکل سے ہیروئین بنتی ہے جس کا نام اس وقت مجھے یاد نہیں ہے there are only five countries in the world which can use that chemical and India is one of them. یہ کیمیکل انڈیا سے آتا ہے، opium کی کاشت افغانستان میں ہوتی ہے جبکہ narcotics کی تجارت کا الزام پاکستان پر آتا ہے۔ کیا ہمارے حکمرانوں کا یہ فرض نہیں کہ وہ کہیں کہ آپ ان علاقوں میں اس کی cultivation روکیں اور انڈیا سے کہیں کہ وہ chemical smuggle نہ کرے جس سے ہیروئین بنتی ہے۔ میں سمجھتی ہوں کہ انڈیا اور افغانستان کو ایک safe way path دے دیا ہے اور ان پر کسی قسم کا اعتراض یا قدغن نہیں لگایا گیا۔

جناب والا! میں زیادہ تر social aspects پر بات کر رہی ہوں۔ اس Billمیں یہ کہا گیا کہ ethnic and minorities کے معاملات کو دیکھا جائے گا۔ جناب والا! انڈیا ان کو نظر نہیں آیا جو کشمیر میں مسلمانوں کے ساتھ مسلسل زیادتیاں کر رہا ہے۔ روزانہ کشمیری مررہے ہیں۔ ان کو فلسطین نظر نہیں آتا۔ انڈیا میں عیسائیوں پر جو حملے کیے جاتے ہیں وہ ان کو نظر نہیں آتے۔ انہوں نے اس کی بھی ان کو تنبیہ نہیں کی کہ آپ لوگ کیوں اقلیتوں پر ظلم کر رہے ہو؟ جبکہ پاکستان جہاں پر minorities کو equal rights حاصل ہیں، وہ ہمارے بھائی ہیں اور پاکستان کی ترقی میں ہمارے ساتھ شامل ہیں ان کو یہاں پر کمزوریاں نظر آگئیں۔ میری سمجھ میں نہیں آ رہا کہ یہ کیسی دوستی ہے کہ وہ ہم پر شک بھی کرتے ہیں، نظر بھی رکھنا چاہتے ہیں، ہماری چوکیداری بھی کرنا چاہتے ہیں اور ہمیں خیرات بھی دینا چاہتے ہیں۔ ایسی دوستی میری سمجھ سے بالاتر ہے۔

جناب والا! امریکہ جب بھی کوئی کام کرتا ہے تو وہ اپنے مفادات کے لیے کام کرتا ہے۔ یہ ہمارے حکمرانوں کی خام خیالی ہے کہ ہم ان کی خوشامد کرکے اپنا tenure بڑھا لیں گے، اس قسم کا کوئی کھاتہ یا کھیل وہاں پر نہیں ہے۔ جب تک کوئی حکومت ان کے interest کو serve کرتی ہے اس وقت تک وہ اس کا ساتھ دیتے ہیں اور جب انہیں پتا چلتا ہے کہ اب یہ ہماری کہی ہوئی باتوں پر نہیں چلیں گے تو پھر وہ اس کو ٹھڈا مار دیتے ہیں یا اس کو کنارے لگا دیتے ہیں۔ کئی حکمرانوں کا حال آپ دیکھ چکے ہیں، پرویز مشرف کا حال ہمارے سامنے ہے۔ ان کا بھی یہی حال ہو گا، یہ اس خوش فہمی میں نہ رہیں کہ آج ہم ان کی ہر بات مان رہے ہیں تو یہ ہمارے سر پر آشیرباد رکھیں گے اور ہمیں indefinite time کے لیے حکومت کرنے دیں گے، ایسا کچھ نہیں ہے، جس دن ان کی ضرورت ختم ہو جائے گی اس دن ان کا پتا بھی نہیں چلے گا کہ یہ کہاں ہیں۔ لہٰذا میری گزارش ہے کہ چھوٹے سے فائدے کے لیے پوری قوم کو نہ بیچیں۔

جناب والا! آخر میں، میں یہ کہوں گی کہ ان کا جو explanatory note آیا ہے اس میں یہ کہا گیا ہے---

جناب ڈپٹی چیئرمین: میڈم آپ کے پاس پانچ منٹ اور ہیں آپ بولیں، پھر اس کے بعد ایوان سے sense لوں گا کہ بیٹھنا ہے یا اجلاس ختم کرنا ہے۔

سینیٹر سیمیں یوسف صدیقی: جناب چیئرمین! میں بات ختم کر رہی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ یہ explanatory note ہے، یہ کسی قانون کا حصہ تو نہیں ہے، آج میں اخبار میں پڑھ رہی تھی جس میں یہ کہا گیا ہے کہ اس explanatory note کی

وجہ سے certain clauses will be ineffective تو کیا guarantee ہے کہ یہ clauses ineffective ہوں گی؟ یہ بات میری سمجھ سے باہر ہے۔ بہرحال یہ ایک خوش آئند بات ہے، یہ صرف situation کو dilute کرنے کی کوشش کی گئی ہے کہ بھائی انہیں explanatory note کا lolly pop دے دو اور ان سے کہو یہ اس کے ساتھ attach ہو جائے گا۔ میں کوئی قانون دان نہیں ہوں، جو لوگ قانون کو جانتے ہیں وہ اس پر بہتر روشنی ڈال سکتے ہیں لیکن ایک عام فہم ذہن رکھنے والی عورت کے حوالے سے میں یہ سمجھتی ہوں کہ this explanatory note is not enough یہ کوئی قانون کا حصہ نہیں بن گیا۔ یہ اس کو support کرنے کے لیے ایک نیا Bill لے آتے تو وہ زیادہ بہتر ہوتا۔

جناب چیئرمین!میری دعا ہے جیسا کہ ابھی آپ نے یہاں پر ایک بات کہی جو میں نے pick کی، آپ نے ٹیپو سلطان کا نام لیا تھا، میں اس کو تھوڑا سا quote کروں گی کہ گیدڑ کی سو سالہ زندگی سے شیر کی ایک دن کی زندگی بہتر ہے۔ جناب والا! ہماری قوم ایک خوددار قوم ہے، اس سے یہ حق نہ چھینا جائے۔ آپ کا بہت بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: کچھ اراکین رہ گئے ہیں تو ان کو کل انشاءاللہ موقع دیا جائے گا کیونکہ ابھی نماز کےلیے بھی جانا ہے۔

The House stands adjourned to meet again on Friday, 16th October, 2009 at 10:30 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, 16th October, 2009 at 10:30 a.m.]